# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 19th January, 2026 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding frequent furniture expos in Islamabad without approval of the ICT Administration, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Federal Education and Professional Training, to introduce a Bill to amend the Islamabad Capital Territory Private Educational Institutions (Registration and Regulation) Act, 2013 [The Islamabad Capital Territory Private Educational Institutions (Registration and Regulation) (Amendment) Bill, 2026].

**5.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to introduce a Bill further to amend the Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) Act, 1957 [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2026].

**6.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to introduce a Bill to amend the Cannabis Control and Regulatory Authority Act, 2024 [The Cannabis Control and Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2026].

**7.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to introduce a Bill to amend the Archival Material (Preservation and Export Control) Act, 1975 [The Archival Material (Preservation and Export Control) (Amendment) Bill, 2026].

### RESOLUTION

**8.** **SYED MUSTUFA KAMAL,** Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, to move the following Resolution:-

"That the National Assembly resolves to extend the Pakistan Nursing and Midwifery Council Ordinance, 2025 (Ordinance No. IX of 2025) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 23rd January, 2026 under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan".

**PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE**

**9** **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002 [The Pakistan Electronic Media Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2025].

**10.** **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2025].

**11.** **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Newspaper Employees (Conditions of Service) Act, 1973 [The Newspaper Employees (Conditions of Service) (Amendment) Bill, 2025].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**12.** **MR. MUHAMMAD HANIF ABBASI,** Minister for Railways, to move that the Bill further to amend the Transfer of Railways Order, 1962 [The Transfer of Railways (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**13.** **MR. MUHAMMAD HANIF ABBASI,** Minister for Railways, to move that the Bill further to amend the Transfer of Railways Order, 1962 [The Transfer of Railways (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**MOTION OF THANKS**

**14.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12-03-2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**15.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**16.** **SAHIBZADA SIBGHATULLAH** **MR. AMJAD ALI KHAN** to invite attention of the Minister for Foreign Affairs, to a matter of urgent public importance regarding difficulties being faced by Pakistani citizens who intend to travel abroad for various purposes, due to complex, costly and time consuming process of completion of requirements of host countries, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**18th January, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر،۱۹ جنوری، ۲۰۲۶ء شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب انجم عقیل خان** وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی انتظامیہ کی منظوری کے بغیر اسلام آباد میں تسلسل سے فرنیچر کی نمائشیں منعقد کرنے سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **وزیر انچارج** برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد نجی تعلیمی ادارے (رجسٹریشن وانضباط) ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد نجی تعلیمی ادارے (رجسٹریشن وانضباط) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ، پاکستان کے نام اور نشانات (غیر مجاز استعمال کی روک تھام) ایکٹ، ۱۹۵۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان کے نام اور نشانات (غیر مجاز استعمال کی روک تھام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۶۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ، بھنگ کے کنٹرول اور انضباطی اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۴ء میں ترمیم کرنے کا بل [بھنگ کے کنٹرول اور انضباطی اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۷۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ، محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں ترمیم کرنے کا بل [محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

### قرارداد

۸۔ **سید مصطفیٰ کمال**، وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت درج ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"کہ قومی اسمبلی، پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (آرڈیننس نمبر ۹ بابت ۲۰۲۵ء) کی مدت میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (دوم) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۲۳ جنوری، ۲۰۲۶ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے۔"

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۹۔ **جناب پُھلین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات، پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **جناب پُھلین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات، ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب پھلین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات ،اخبار کے ملازمین (شرائطِ ملازمت) ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [اخبار کے ملازمین (شرائطِ ملازمت) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

**قانون سازی**

۱۲۔ **جناب محمد حنیف عباسی**، وزیر برائے ریلوے تحریک پیش کریں گے کہ ریلوے کی منتقلی فرمان، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ریلوے کی منتقلی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۳۔ **جناب محمد حنیف عباسی**، وزیر برائے ریلوے تحریک پیش کریں گے کہ ریلوے کی منتقلی فرمان، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ریلوے کی منتقلی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

**تحریک تشکر**

۱۴۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

**نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات**

۱۵۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۱۶۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** **جناب امجد علی خان** وزیر برائے خارجہ امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو مختلف مقاصد کے لئے بیرون ملک سفر کا ارادہ رکھنے والے پاکستانی شہریوں کو میزبان ممالک کی شرائط کی تکمیل کے پیچیدہ، مہنگے اور طویل مدتی طریقہ کار کے باعث پیش آنے والی مشکلات سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۸ جنوری، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 19th January, 2026.

### TO BE READ AFTER ITEM NO. 11

### PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

**11A.** **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Commerce, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Export Development Fund Act, 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026].

**11B.** **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Commerce, to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the National Tariff Commission Act, 2015 [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026].

### MOTION

**11C.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take into consideration the items No. 11D to 11G.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**11D.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to move that the Bill further to amend the Export Development Fund Act, 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**11E.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to move that the Bill further to amend the Export Development Fund Act, 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**11F.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to move that the Bill to amend the National Tariff Commission Act, 2015 [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**11G.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to move that the Bill to amend the National Tariff Commission Act, 2015 [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**Islamabad, the**
**19th January, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ضمنی نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۱۹ جنوری، ۲۰۲۶ء کو منعقد ہو گا۔

### آئٹم نمبر ۱۱ کے بعد پڑھا جائے

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۱۱/الف۔ **جناب محمد جاوید حنیف خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت، فروغ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فروغ برآمدات فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱ب۔ **جناب محمد جاوید حنیف خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت، قومی ٹیرف کمیشن ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں ترمیم کرنے کے بل [قومی ٹیرف کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

### تحریک

۱۱ج۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ آئٹمز نمبر ۱۱د تا ۱۱ز زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات معطل کی جائیں۔

### قانون سازی

۱۱د۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت تحریک پیش کریں گے کہ فروغ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فروغ برآمدات فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۱ہ۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت تحریک پیش کریں گے کہ فروغ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فروغ برآمدات فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۱۱و۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت تحریک پیش کریں گے کہ قومی ٹیرف کمیشن ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ٹیرف کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۱ز۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت تحریک پیش کریں گے کہ قومی ٹیرف کمیشن ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ٹیرف کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

اسلام آباد،
۱۹ جنوری، ۲۰۲۶ء

سعید احمد میتلا
قائم مقام سیکرٹری